# 14

# زمینی وسائل

معدنیات کی تلاش



فصلیں

مچھلی

مویشی

اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سی نعمتیں دی ہیں۔ ان میں زمین سب سے اہم ہے۔ زمین پر ہم کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ باغات لگاتے ہیں۔ کھیتی باڑی اور باغات سے ہمیں کھانے کی چیزیں ملتی ہیں۔ زمین پر ہم مویشی پالتے ہیں جن سے ہمیں دُودھ اور گوشت ملتا ہے۔ زمین پر بڑے بڑے دریا، جھیلیں اور سمندر ہیں۔ ان سے ہمیں پانی اور کھانے کے لیے مچھلی ملتی ہے۔ زمین کے نیچے بہت سی چیزیں دبی ہوئی ہیں۔ ان میں سونا، چاندی، نمک، لوہا، کوئلہ، گیس اور تیل شامل ہیں جنھیں معدنیات کہتے ہیں۔ لوہے سے طرح طرح کی مشینیں بنائی جاتی ہیں۔ ان مشینوں کو گیس یا تیل سے چلایا جاتا ہے۔

درختوں سے حاصل ہونے والی لکڑی

درختوں کی لکڑی سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

قدرت نے زمین کے اندر لوہا بھی رکھا ہے



ہم لوہے سے مختلف چیزیں بناتے ہیں



مٹی



مٹی سے اینٹیں اور اینٹوں سے گھر بنتے ہیں۔ مٹی سے برتن بھی بنائے جاتے ہیں۔

## مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) چند معدنیات کے نام بتائیں۔

(ii) جانوروں کے فائدے بیان کریں۔

(iii) لکڑی سے کون سی چیزیں بنائی جاتی ہیں؟

(iv) اپنے گھر میں موجود لوہے کی بنی ہوئی چند چیزوں کے نام بتائیں۔